ملنے کا پتہ :۔ مکتبۂ جامعۂ ملیہ نئی دہلی۔

نیر صاحب نے یہ نظمیں بہت ہی آسان سلیس اور شگفتہ و رواں زبان میں بالغ یا نابالغ ہندیوں کے لیے لکھی ہیں۔ نظمیں تمام کی تمام یکسر اسلامی ہیں جن کے بعض بعض اشعار میں قرآن مجید کی آیات اور بعض احادیث کے ترجمے شامل ہیں۔ ہماری رائے میں یہ نظمیں اس قابل ہیں کہ ہر ہر مسلمان بچہ کو یاد کرائی جائیں۔ زبان اتنی سہل ہے کہ ذراسی توجہ سے بے تکلف یاد ہوسکتی ہیں ان نظموں کو اگر ملی گیتوں کے موقع پر پڑھا جائے تو یہ اس کے لیے بھی موزوں اور مناسب ہیں

# ہندوستان میں قانون شریعت کے نفاذ کا مسئلہ

از

## جناب مولوی سید عقیل محمد صاحب بی ایس سی ایل ایل بی وکیل

اس رسالہ میں دار القضا کے مقاصد کی تشریح، محکمہ قضا کی مالی مشکلات کے حل، قاضیوں کے انتخابی شرائط اور اُنکے تعلیمی نصاب پر مفید اور جامع بحث کی گئی ہے نیز مضمون کی تمہید میں موجودہ محمڈن لا (شرع محمدی) کی اکثر قابلِ ذکر دفعات پر بے لاگ اور زبردست تنقید کی گئی ہے۔

آزاد ہندوستان میں قانون شریعت کے نفاذ کی مکمل عملی تشکیل کے سلسلہ میں یہ پہلا محققانہ اور بصیرت افروز مضمون ہے جسکی صحیح حیثیت کا اندازہ مطالعہ کے بعد ہی ہوسکتا ہے۔ کتابت طباعت اعلیٰ صفحات ۴۸ قیمت ۳ ؍

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبۂ برہان قرولباغ نئی دہلی